فوری ریلیز کے لیے: 11/8/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ روچسٹر 2022 کی نیو یارک اسٹیٹ کنال کانفرنس کی میزبانی کرے گا

ہر دو سال بعد منعقد ہونے والی یہ کانفرنس کنال کمیونٹیز کی خوشحالی کے بارے میں حکمت عملیوں کا اشتراک کرنے کے لیے نیویارک بھر سے آواز بلند کرنے والوں کو ایک جگہ جمع کرتی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ 2022 کی نیویارک اسٹیٹ کنال کانفرنس کی میزبانی روچیسٹر شہر کرے گا، دو سال میں ایک بار منعقد کی جانے والی یہ تقریب کنال اور اندرون ملک آبی گزرگاہوں کے شوقین، پیشہ ور افراد اور دانشوروروں کو ریاست نیو یارک کی نہروں کی شاندار تاریخ کا جشن مناتے ہوئے اس سے متعلق مختلف موضوعات کے بارے میں جاننے کے لیے ایک جگہ جمع کرتی ہے۔ 2 سے 4 اکتوبر تک اسٹریتھلن ہوٹل میں منعقد ہونے والی اس کانفرنس کی میزبانی کنال سوسائٹی آف نیویارک اسٹیٹ (Canal Society of New York State) کر رہی ہے اور نیویارک بجلی کی اتھارٹی (New York Power Authority)، نیویارک اسٹیٹ کنال کارپوریشن (New York State Canal Corporation) اور ایری کنال وے نیشنل ہیریٹیج کوریڈور (Erie Canalway National Heritage Corridor) نے اس کے لیے اشتراک کیا ہے۔ توقع ہے کہ یہ تقریب سینکڑوں حاضرین کو روچیسٹر کے ڈاؤن ٹاؤن کی طرف کھینچے گی، جس سے مقامی معیشت کو متحرک کرنے میں مدد ملے گی۔

"جیسا کہ ہم 2025 میں ایری کنال کے افتتاح کی 200ویں سالگرہ کے منتظر ہیں، یہ کنال کے کنارے آباد کمیونٹیز کے لیے ایک موقع ہے کہ وہ نہ صرف ریاست نیویارک کے لیے اس لمحے کی تاریخی اہمیت کا جشن منائیں، بلکہ اس افادیت کی بھی پیمائش کریں جو ہمارا کنال کا نظام ان کی مقامی معیشتوں کے لیے لاتا ہے اور کمیونٹیز کے لیے باعث فخر ہے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "کنال کانفرنس، ریاست بھر سے آواز بلند کرنے والوں اور ماہرین کو مکینوں کے ساتھ اکٹھا کر کے انہیں متاثر کرتے ہوئے نیویارک کے شہریوں کو ان کی آبی گزرگاہوں سے جوڑتی ہے۔"

2022 کی کنال کانفرنس میں روچیسٹر کے ROC ریور وے پروگرام کے اعزاز میں کمیونٹی جشن شامل ہوگا — جو کہ ایک ایسا اقدام ہے جو دریائے جینسی کے ساتھ دو درجن سے زیادہ تغیر کے قابل منصوبوں کو ایک متحد حکمت عملی میں جوڑتا ہے۔ اس پروگرام میں مختلف اقسام کے منصوبے شامل ہیں، بشمول نارتھ اسٹار کامنز میں ویسٹ ریور وال سیر گاہ کے فیز ون کی حالیہ تکمیل، سینٹر سٹی سے ہو کر دریا کے کنارے کنارے گزرنے والے جینسی ریور وے ٹریل کی تکمیل؛ اور چارلس کیرول پلازہ اور جینیسی کراس روڈز پارک کے ڈیزائن میں تبدیلی۔ یہ منصوبہ دریا کے کنارے موجود اہم سہولیات جن میں وار میموریل میں بلیو کراس ایرینا؛ جوزف اے فلوریانو روچیسٹر ریورسائیڈ کنونشن سینٹر اور رنڈل میموریل لائبریری کی عمارت شامل ہیں، کو مزید بہتر بنانے کا تصور بھی پیش کرتا۔

نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے عبوری صدر اور سی ای او Justin E. Driscoll نے کہا، "ہماری ریاست کی تاریخ میں بہت کم چیزیں ایری کنال جتنی مؤثر، شہرہ آفاق اور اہم ہیں؛ اور دو سال بعد ہونے والی کنال کانفرنس اس کے کناروں کے اسٹیک ہولڈرز کو اکٹھا کرنے کا ایک اہم موقع ہے تاکہ وہ اس بات کی نشاندہی کریں کہ ہم اس کے مستقبل کی بہترین حفاظت کیسے کر سکتے ہیں۔ کنال اور اس کی ذیلی ندیاں آج تک ہماری معیشت کو بااختیار بناتی اور کنال کے کنارے آباد کمیونٹیز کو تقویت بخشتی ہیں، اور یہ فورم ہمیں ریاست کے چند اہم ماہرین کی آراء سننے کا موقع دیتا ہے کہ کنال کے نظام کی حفاظت اور اس کا استعمال بہترین انداز میں کیسے کیے جائیں کہ یہ نیویارک کے شہریوں کی اگلی نسل کے لیے فعال رہے۔"

اسٹیٹ سینیٹر Jeremy Cooney نے کہا، "مجھے رواں سال اکتوبر میں روچیسٹر میں 2022 کی نیو یارک اسٹیٹ کنال کانفرنس کا خیر مقدم کرنے پر خوشی ہے۔ ROC کے ساتھ ریوروے کے منصوبے بخوبی جاری ہونے اور ایک کنال والے شہر کے طور پر ہمارے زرخیز ثقافتی ورثے کے باعث، روچیسٹر اس تقریب کی میزبانی کے لیے بہترین جگہ ہے جس سے ہماری مقامی معیشت کو بھی مدد ملے گی۔ میں ریاست نیو یارک کی کنال سوسائٹی اور تمام تعاون کرنے والے شراکت داروں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ہمارے علاقے کے لیے اس موقعے کو ممکن بنایا۔"

اسمبلی ممبر Harry Bronson نے کہا، "ایری کنال، ریاست نیویارک کی سب سے زیادہ قابل قدر خصوصیات میں سے ایک ہے۔ 350 میل سے زیادہ پھیلی ہوئی کنال، جو کبھی سامان کی ترسیل کے لیے استعمال ہوتی تھی، اب سیاحت اور معیشت کو فروغ دے رہی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ نیویارک اسٹیٹ کنال کانفرنس 2 سے 4 اکتوبر تک روچیسٹر میں منعقد ہو رہی ہے۔ ہمارا خطہ اپنا ROC ریوروے پروگرام دکھانے اور خاندانوں کو روچیسٹر کی بہت سے آبی گزرگاہوں کو اجاگر کرنے والی تفریحی سرگرمیاں فراہم کرنے کے اس موقع کے لیے پرجوش ہے!"

اسمبلی ممبر Demond Meeks نے کہا، "نیویارک اسٹیٹ کنال کانفرنس کا روچیسٹر، نیویارک میں ایری کنال کے پہلو میں استقبال کرنا میرے لیے باعث مسرت ہے! روچیسٹر کی زرخیز تاریخ براہ راست اس عظیم آبی گزرگاہ سے جڑی ہوئی ہے جو ہمارے بہت سے آباؤ اجداد کو اپنے بچوں کے لیے بہتر زندگی کی تلاش میں اس خطے میں لائی۔ مڈویسٹ تک رسائی کا یہ داخلی راستہ کاروباروں کے پھلنے پھولنے اور خاندانوں کے عوامی مقامات سے لطف اندوز ہونے میں مددگار رہا ہے؛ اور مجھے یہ دیکھ کر بہت خوشی ہے کہ ہماری ریاست ان مواقع کو کمیونٹی کے مزید اراکین تک پھیلانے کے لیے سرمایہ کاری جاری رکھے ہوئے ہے۔ ROC دی ریور وے نئے کاروبار کھولے گا، بہتر رہائش گاہیں بنیں گی اور یہیں ڈاؤن ٹاؤن روچیسٹر میں یہ مواقع فراہم کر کے ہمارے شہر کو مزید مساواتی بننے میں مدد دے گا۔ میں ریاست کی سرمایہ کاری کے لیے شکر گزار ہوں اور روچیسٹر کے لیے ایک روشن مستقبل کی تعمیر کی امید کرتا ہوں!"

نیویارک اسٹیٹ کنال کارپوریشن کے ڈائریکٹر Brian U. Stratton نے کہا، "تقریباً دو صدیوں سے، ایری کنال نے نیویارک بھر میں عوام اور تجارت کے درمیان پُل کا کردار ادا کیا ہے۔ نیویارک اسٹیٹ کنال کارپوریشن یہ ظاہر کرنے کے لیے اسٹیک ہولڈرز اور ساتھیوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے پرجوش ہے کہ ہمارے کنال کے نظام میں مسلسل سرمایہ کاریاں کیسے اپ اسٹیٹ نیویارک میں کمیونٹیز میں تفریح اور مقامی کاروباری اداروں کی مدد کرتی ہیں۔ دو سال بعد ہونے والی یہ کانفرنس نہری نظام سے جڑے نیویارک کے شہریوں کو اکٹھا کرتی ہے، ساتھ ہی اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ہمارے مشترکہ مفادات اور زرخیز تاریخ کا احترام کرتے ہوئے ہمارا مستقبل متحرک اور اگلی نسل کے لیے بامقصد ہو۔"

نیو یارک اسٹیٹ کینال کانفرنس کے چیئر Kal Wysokowski نے کہا، "کنال کانفرنس ریاست بھر سے لوگوں کی آوازوں کو ایک جگہ جمع کرتی ہے، جس سے ہمیں ایک دوسرے سے سیکھنے کی طاقت ملتی ہے کہ ایری کنال اور اس کے کناروں کے ساتھ قیام پذیر کمیونٹیز کے لیے بہترین مستقبل کیسے بنایا جائے۔ ہم بہت پرجوش ہیں کہ ہم کنال کانفرنس کا انعقاد روچیسٹر - جسے کنال نے اپنے ابتدائی دنوں میں ایک سرحدی چوکی سے ایک پنپتی ہوئی کمیونٹی بننے میں مدد کی تھی - میں کر رہے ہیں اور اس شاندار کام کا جشن منا رہے ہیں جو شہر نے ایری کنال کو محفوظ رکھنے اور ریاست نیویارک اور دیگر جگہوں سے دیکھنے آنے والوں کے لیے اس کی تشہیر کرنے کے لیے کیا ہے۔"

ایری کنال وے نیشنل ہیریٹیج کوریڈور کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Bob Radliff نے کہا، "گزشتہ سال کی نیویارک اسٹیٹ کنال کانفرنس ناقابل یقین حد تک معلوماتی اور دلکش تھی۔ ہم اس سال روچیسٹر میں ہونے والے اجتماع کی دوبارہ معاونت کرنے کے لیے پرجوش ہیں اور کنال سوسائٹی کے اعلیٰ سطح کے رہنماؤں کی بیٹھک کے انعقاد کی کوششوں کو سراہتے ہیں۔"

وزٹ روچیسٹر کے صدر اور سی ای او Don Jeffries نے کہا، "ہم روچیسٹر میں ریاست نیویارک کی دی کنال سوسائٹی کی دو سالہ کانفرنس کا خیرمقدم کرنے اور ایری کنال کے '100 مسٹ سی مائلز' پر روشنی ڈالنے کے لیے پرجوش ہیں۔ ریاست نیویارک کی یہ دیرینہ تقریب ROC دی ریوروے پر مسلسل توجہ مبذول کرائے گی، جو شہر کے

مشہور دریا کنارے کو نئے خیال میں ڈھالنے کا منصوبہ ہے - جو کہ ڈاؤن ٹاؤن روچیسٹر کی شکل میں تبدیلی لانے کا ایک اہم حصہ اور ہمارے مہمانوں اور مقامی کمیونٹی کے لیے باعث کشش ہے۔"

روچسٹر کے میئر Malik Evans نے کہا، "روچیسٹر ایک متحرک شہر ہے جس کی ایک مضبوط کمیونٹی اور گہری تاریخ ہے، اور مجھے فخر ہے کہ یہ 2022 کی کنال کانفرنس کے میزبان مقام کا کردار ادا کرے گا۔ روچیسٹر شہر، آبی گزرگاہوں کے تاریخی نیٹ ورک کو نیویارک کے شہریوں اور سیاحوں دونوں کے لیے ہی ایک تفریحی مقام میں تبدیل کرنے کے کانفرنس کے مقصد کے لیے بہترین پس منظر پیش کرتا ہے۔ یہ بات ناقابل تردید ہے کہ نہریں اور اندرون ملک آبی گزرگاہیں اپنے آس پاس کی کمیونٹیز کے سماجی، ثقافتی اور اقتصادی ڈھانچے سے باہم طور پر جڑی ہیں اور مجھے فخر ہے کہ نیویارک، ریاست کے نہری نظام کے مستقبل میں سرمایہ کاری کر رہا ہے۔"

کانفرنس کے افتتاحی ایونٹس میں دریائے جینسی میں پیڈلنگ، اس کے کنارے کنارے پیدل چلنا اور سائیکل چلانا، روچیسٹر شہر کے اپنے مشہور ایکوی ڈکٹ کو دوبارہ مرتب کرنے کے منصوبے پر پہلی نظر، اور آبی گزرگاہ پر کشتی کی سیر شامل ہیں۔ کنال کے موضوع پر بنی ہوئی پریزنٹیشنز اور نمائشیں، اس کے ساتھ شرکاء کے لیے ایری کنال کے قریب ورکشاپس اور کھلی ہوا میں تفریح میں شرکت کا انتخاب بھی تین روزہ ایونٹ کا حصہ ہوں گے۔ پروگرامنگ کے بارے میں مزید معلومات اور رجسٹر کرنے کے لیے، براہ مہربانی https://www.nyscanalconference.org/ ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418